احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 12 نومبر 2007ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 12 نومبر 2007ء 1428 ہجری 12 نبوت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 256

اللہ یہ تکلیفیں دور کر دے گا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ کہیں جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک شریر نے برسرعام آپ کے سر پر خاک ڈال دی آپ گھر تشریف لائے۔ آپ کی ایک بیٹی نے یہ حال دیکھا تو پانی لے کر آئیں سر دھویا اور زاروقطار رونے لگیں۔ رسول اللہؐ نے ان کو تسلی دی اور فرمایا بیٹی رو نہیں۔ اللہ تیرے باپ کی خود حفاظت کرے گا اور یہ سب تکلیفیں دور ہو جائیں گی۔

(تاریخ طبری جلد2ص80مطبع استقامہ ھاھرہ)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہت سے لوگ یہاں آتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ پھونک مار کر عرش پر پہنچ جائیں اور واصلین سے ہو جاویں۔ ایسے لوگ ٹھٹھا کرتے ہیں۔ وہ انبیاء کے حالات کو دیکھیں۔ یہ غلطی ہے جو کہا جاتا ہے کہ کسی ولی کے پاس جا کر صدہا ولی فی الفور بن گئے۔ (۔) جب تک انسان آزمایا نہ جاوے فتن میں نہ ڈالا جاوے وہ کب ولی بن سکتا ہے۔

ایک مجلس میں بایزیدؒ وعظ فرما رہے تھے۔ وہاں ایک مشائخ زادہ بھی تھا' جو ایک لمبا سلسلہ رکھتا تھا۔ اس کو آپؒ سے اندرونی بغض تھا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ خاصہ ہے کہ پرانے خاندانوں کو چھوڑ کر کسی اور کو لے لیتا ہے۔ جیسے بنی اسرائیل کو چھوڑ کر بنی اسمٰعیل کو لے لیا۔ کیونکہ وہ لوگ عیش وعشرت میں پڑ کر خدا کو بھول گئے ہوتے ہیں۔ (۔) سو اس شیخ زادے کو خیال آیا کہ یہ ایک معمولی خاندان کا آدمی ہے۔ کہاں سے ایسا صاحب خوارق آ گیا کہ لوگ اس کی طرف جھکتے ہیں اور ہماری طرف نہیں آتے۔ یہ باتیں خدا تعالیٰ نے حضرت بایزیدؒ پر ظاہر کیں' تو انہوںؒ نے قصہ کے رنگ میں یہ بیان شروع کیا کہ ایک جگہ مجلس میں رات کے وقت ایک لمپ میں پانی سے ملا ہوا تیل جل رہا تھا۔ تیل اور پانی میں بحث ہوئی۔ پانی نے تیل کو کہا کہ تو کثیف اور گندہ ہے اور باوجود کثافت کے میرے اوپر آتا ہے۔ میں ایک مصفا چیز ہوں اور طہارت کے لئے استعمال کیا جاتا ہوں لیکن نیچے ہوں۔ اس کا باعث کیا ہے؟ تیل نے کہا کہ جس قدر صعوبتیں میں نے کھینچی ہیں' تو نے وہ کہاں جھیلی ہیں۔ جس کے باعث یہ بلندی مجھے نصیب ہوئی۔ ایک زمانہ تھا' جب میں بویا گیا' زمین میں مخفی رہا' خاکسار ہوا۔ پھر خدا کے ارادہ سے بڑھا۔ بڑھنے نہ پایا کہ کاٹا گیا۔ پھر طرح طرح کی مشقتوں کے بعد صاف کیا گیا۔ کولہو میں پیسا گیا۔ پھر تیل بنا اور آگ لگائی گئی۔ کیا ان مصائب کے بعد بھی بلندی حاصل نہ کرتا؟

یہ ایک مثال ہے کہ اہل اللہ مصائب وشدائد کے بعد درجات پاتے ہیں۔ لوگوں کا یہ خیال خام ہے کہ فلاں شخص فلاں کے پاس جا کر بلا مجاہدہ وتزکیہ ایک دم میں صدیقین میں داخل ہو گیا۔ قرآن شریف کو دیکھو کہ خدا کس طرح تم پر راضی ہو' جب تک نبیوں کی طرح تم پر مصائب وزلازل نہ آویں (۔) اللہ کے بندے ہمیشہ بلاؤں میں ڈالے گئے۔ پھر خدا نے ان کو قبول کیا۔ (ملفوظات جلد اول ص16)

ٹیچرز ٹریننگ کلاس

نظارت تعلیم القرآن کے تحت سال رواں کی تیسری ٹیچرز ٹریننگ کلاس مورخہ یکم تا 15 دسمبر 2007ء کو ربوہ میں منعقد کی جا رہی ہے۔ اس کلاس کے طلباء کو عربی تلفظ کی خصوصی ٹریننگ کے ساتھ عربی گرامر اور قرآن کریم کا لفظی ترجمہ بھی سکھایا جائے گا۔ تمام اضلاع کے امراء کرام اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ وہ اپنے ضلع سے اس کلاس کیلئے ایسے نمائندگان ضرور بھجوائیں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور واپس جا کر سکھانے کیلئے تیار ہوں۔ کلاس کے طلباء ٹریننگ کے بعد اپنی اپنی جماعت میں احباب کو قرآن کریم ناظرہ اور باترجمہ سکھانے اور مزید اساتذہ تیار کرنے کا کام کریں گے۔ کلاس میں شرکت کرنے والے طلباء امیر ضلع یا صدر جماعت کا تصدیقی خط اپنے ہمراہ ضرور لائیں اس کے بغیر کلاس میں شرکت ممکن نہ ہوگی۔ آنے والے طلباء کلاس کا ضروری سامان مثلاً نوٹ بک اور قلم وغیرہ ضرور ہمراہ لائیں۔

(نظارت اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ووقف عارضی)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

بندش بجلی

جملہ صارفین ڈاور فیڈر کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 17 اور 24 نومبر 2007ء کو بوجہ ضروری کام صبح 8:30 تا 2:30 بجے دوپہر بجلی بند رہے گی جس سے درج ذیل علاقہ جات متاثر ہونگے۔ مسلم کالونی، دارالنصر، دارالعلوم، دارالشکر، چھنیاں، دارالبرکات، رحمٰن کالونی، بیوت الحمد، نصیر آباد، ڈاور۔ احباب مطلع رہیں۔

(اسسٹنٹ مینیجر فیسکو ربوہ)

مشعل راہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا توکل

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے توکل کے بارہ میں بعض احادیث میں یہاں بیان کرتا ہوں۔ یہ بچپن سے ہم سنتے آرہے ہیں لیکن جب بھی پڑھیں ایمان میں ایک نئی تازگی پیدا ہوتی ہے اور ایمان مزید بڑھتا ہے۔

وہ واقعہ یاد کریں جب سفر طائف سے واپسی پر رسول اللہ نے کچھ روز نخلہ میں قیام فرمایا۔ زید بن حارثہ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ اب آپ مکہ میں کیسے داخل ہوں گے جبکہ وہ آپ کو نکال چکے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس شان سے، توکل سے جواب دیا کہ اے زید تم دیکھو گے کہ اللہ ضرور کوئی راہ نکال دے گا اور اللہ اپنے دین کا مددگار ہے۔ وہ اپنے نبی کو غالب کر کے رہے گا۔ چنانچہ نبی کریمؐ نے سرداران قریش کو پیغام بھجوائے کہ آپ کو اپنی پناہ میں لے کر مکہ میں داخل کرنے کا انتظام کریں۔ کئی سرداران نے انکار کر دیا بالآخر مکہ کے ایک شریف سردار مطعم بن عدی نے آپ کو اپنی پناہ میں مکہ میں داخل کرنے کا اعلان کیا۔ پھر آخر جب مظالم حد سے زیادہ بڑھ گئے اور مکہ سے ہجرت کا وقت آیا تو کمال وقار سے آپؐ نے وہاں سے ہجرت فرمائی۔ غار میں پناہ کے وقت دشمن جب سر پر آن پہنچا تو پھر بھی کس شان سے اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے اس کے وعدوں پر یقین کرتے ہوئے آپؐ نے فرمایا۔ حضرت ابوبکرؓ اس بارہ میں روایت کرتے ہیں کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں تھا۔ میں نے اپنا سر اٹھا کر نظر کی تو تعاقب کرنے والوں کے پاؤں دیکھے۔ اس پر میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اگر کوئی نظر نیچے کرے گا تو ہمیں دیکھ لے گا۔ آپؐ نے فرمایا: چپ اے ابوبکر! ہم دو ہیں اور ہمارے ساتھ تیسرا خدا ہے۔ تو یہ ہے وہ توکل کا اعلیٰ معیار جو صرف اور صرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہمیں نظر آتے ہیں۔ اور پھر آپ دیکھیں جب غار سے نکل کر سفر شروع کیا تو کیا شان استغنا تھی اور کس قدر اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل تھا۔

حضرت ابوبکرؓ کی روایت ہے کہ سفر ہجرت کے دوران جب سراقہ گھوڑے پر سوار تعاقب کرتے ہوئے ہمارے قریب پہنچ گیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اب تو پکڑنے والے بالکل سر پر آ پہنچے اور میں اپنے لئے نہیں بلکہ آپ کی خاطر فکرمند ہوں۔ آپؐ نے فرمایا! **لاتحزن ان اللّٰہ معنا**۔ کہ غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ چنانچہ اسی وقت آپ کی دعا سے سراقہ کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا اور وہ آپ کی خدمت میں امان کا طالب ہوا۔ اس وقت آپؐ نے سراقہ کے حق میں عظیم الشان پیشگوئی فرمائی کہ سراقہ اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب کسریٰ کے کنگن تمہارے ہاتھوں میں پہنائے جائیں گے۔ اور یہ پیشگوئی بھی بڑی شان سے بعد میں پوری ہوئی۔

پھر وہ شان بھی دیکھیں جب آپ دشمن سے صرف ایک فٹ کے فاصلہ پر تھے اور نہتے تھے اور دشمن تلوار تانے کھڑا تھا لیکن کوئی خوف نہیں۔ کیسا ایمان، کیسا یقین اور کیا توکل ہے خدا کی ذات پر۔

جابرؓ کہتے ہیں کہ غزوہ ذات الرقاع میں ہم حضور کے ساتھ تھے۔ ایک دن ہم ایک سایہ دار درخت کے پاس پہنچے۔ ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آرام کے لئے اس کو منتخب کیا۔ اچانک ایک مشرک وہاں آن پہنچا۔ جب آپؐ کی تلوار درخت سے لٹک رہی تھی اس نے تلوار سونت لی اور کہنے لگا کیا تم مجھ سے ڈرتے ہو یا نہیں۔ حضورؐ نے اسے جواب دیا: نہیں۔ اس نے پھر کہا مجھ سے تمہیں کون بچا سکتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ۔ اس پر تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی۔ تو حضورؐ نے تلوار اٹھائی اور فرمایا کہ اب مجھ سے تمہیں کون بچا سکتا ہے۔ اس پر وہ کہنے لگا کہ آپ درگزر فرما دیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ وہ تھا بھی پکا مشرک۔ اس پر اس نے کہا: نہیں۔ لیکن میں آپ سے عہد کرتا ہوں کہ آپ سے کبھی لڑائی نہیں کروں گا۔ اور نہ ان لوگوں کے ساتھ شامل ہوں گا جو آپ سے لڑتے ہیں۔ اس پر آپ نے اسے چھوڑ دیا۔ وہ اپنے ساتھیوں سے جا ملا اور ان سے کہنے لگا، میں تمہارے ہاں ایک ایسے شخص کے پاس سے آیا ہوں جو لوگوں میں سب سے بہتر ہے۔

(الفضل 16 دسمبر 2003ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرمہ منصورہ پروین صاحبہ اہلیہ مکرم رانا غلام عباس صاحب رحمٰن کالونی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ عطیہ سہیل صاحبہ لندن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 24 ستمبر 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے حضور انور نے ازراہ شفقت قیصر عدیل خان نام عطا فرمایا ہے جو کہ وقف نو کی تحریک میں شامل ہے نومولود مکرم نصیر خاں صاحب لندن ابن مکرم رانا عبدالحی خان صاحب کا پوتا اور مکرم رانا بشارت احمد خاں صاحب کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت والی لمبی زندگی دے نیک، دین کا خادم اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

نمایاں کامیابی

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام اور ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن کے زیر انتظام تحصیل لیول پر سالانہ علمی و ادبی مقابلہ جات مورخہ 29۔ اکتوبر سے 3 نومبر 2007ء تک گورنمنٹ ہائی سکول چنیوٹ میں منعقد ہوئے جس میں نصرت جہاں اکیڈمی کے درج ذیل طلباء نے نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔

1۔ اردو مباحثہ (حق میں) عزیزم حافظ ظافر احمد ولد مکرم محمد نصیر احمد صاحب کلاس نہم اول

2۔ اردو مباحثہ (مخالفت میں) عزیزم نبیل احمد ولد مکرم فہیم احمد خالد صاحب کلاس دہم دوئم

3۔ انگریزی تقریر عزیزم نوید احمد ولد مکرم ڈاکٹر سلطان مبشر صاحب کلاس دہم اول

4۔ فی البدیہہ تقریر عزیزم نوید احمد ولد مکرم ڈاکٹر سلطان مبشر صاحب کلاس دہم دوم

5۔ پنجابی ٹاکرہ (مخالفت میں) عزیزم اشعث احمد فراز ولد مکرم عبدالرزاق فراز صاحب کلاس ہفتم اول

6۔ بیت بازی عزیزم عطاء المحسن ولد مکرم خلیل احمد صاحب کلاس نہم اول

7۔ سیرت النبی کوئز عزیزم نزاکت احمد ولد مکرم محمود احمد بھٹی صاحب کلاس دہم دوئم

8۔ جنرل کوئز عزیزم نزاکت احمد ولد مکرم محمود احمد بھٹی صاحب کلاس دہم سوئم

9۔ اقبالیات عزیزم حافظ حماد احمد ولد مکرم حافظ عبدالمنان صاحب کلاس نہم دوئم

احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ادارہ کیلئے بابرکت کرے اور ہمیشہ اعلیٰ کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

ولادت

مکرم میر وسیم الرشید صاحب مربی سلسلہ وکالت تبشیر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 29۔ اکتوبر 2007ء کو مجھے پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود بابرکت تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت نومولود کا نام میر ہشام احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم میر محفوظ الحق صاحب صدر جماعت ڈیریانوالہ نارووال کا نواسہ اور مکرم میر عبدالرشید صاحب مرحوم آف راہوالی کا پوتا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت و سلامتی والی لمبی عمر سے نوازے نیک خادم دین بنائے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے اور خلیفہ وقت کا سلطان نصیر بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم مختار احمد صدیق صاحب ڈوگر سابق کارکن وقف جدید باب الابواب شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ امۃ الکریم طیبہ صاحبہ اہلیہ مکرم منیب اللہ خان صاحب مونٹریال کینیڈا کو مورخہ 28/اکتوبر 2007ء کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے پہلے بیٹے سے نوازا ہے بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچے کا نام نوراللہ خاں عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم ڈاکٹر مجید اللہ خاں صاحب ولد مکرم آغا محمد عبداللہ خان صاحب تلونڈی جھنگلاں نزد قادیان کا پوتا ہے نومولود کی دادی محترمہ قیصرہ بلقیس صاحبہ بنت مکرم خواجہ محمد امین صاحب سابق امیر ضلع سیالکوٹ ہیں۔ بچہ مکرم مولوی رحیم بخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و سلامتی و تندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے لائق، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم مجید احمد صاحب چیمہ کارکن نظارت علیا تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ زوجہ مکرم غلام رسول صاحب چیمہ کو مورخہ 5 نومبر 2007ء کو فالج کا حملہ ہوا تھا۔ C.C.U فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں احباب جماعت سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/4 روپے

مرتبہ: مکرم عبدالقدیر قمر صاحب

قرآن کریم کی عظمت اور بلند مقام

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشادات کی روشنی میں

روحانی بیماری کا علاج

’’قرآن کریم ...... کیسی عظیم کتاب ہے جس کی نظر سے کوئی باریک سے باریک روحانی بیماری بھی چھپی ہوئی نہیں کہ پھر ان کا علاج بتاتی ہے اور اس کا علاج صرف اور صرف ایک ہی ہے کہ خدا سے تعلق پیدا کرو ...... اللہ سے تعلق ہے جو دراصل آپ کا علاج ہے۔ اللہ تعالیٰ سے پیار اور ایسا ذاتی اور قطعی تعلق پیدا کیا جائے کہ جس کے مقابل پر دنیا بالکل حقیر اور بے معنی اور بے حقیقت نظر آنے لگے‘‘۔

(خطبات طاہر جلد 2 ص 501)

سب سے بڑھ کر قرآن کریم

’’قرآن کریم نے مختلف انبیاء کو مختلف صفات حسنہ سے متصف دکھایا ہے اور وہ تمام صفات حسنہ جو مختلف انبیاء میں نمایاں شان کے ساتھ نظر آتی ہیں وہ تمام کی تمام بلکہ ان سے شان میں بہت بڑھ کر آنحضرت ﷺ کے مبارک وجود میں جمع ہو گئیں ...... دل یقین سے بھر گئے کہ اللہ کے سارے نبی پاک تھے اور سب سے زیادہ پاک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تھے۔ اللہ کی طرف سے تمام کتابیں حکمت اور سچائی پر مبنی تھیں اور سب کتابوں سے بڑھ کر قرآن کریم تھا جو سچائی اور حکمت پر مبنی ہے اور ہمیشہ رہے گا‘‘۔

(خطبات طاہر جلد 2 ص 306 تا 314)

ایک کامل کتاب

’’قرآن کریم ایک کامل کتاب ہونے کے لحاظ سے ہر مضمون کے ہر پہلو کو بیان فرماتا ہے اور ہر خطرہ کو پیش نظر رکھ کر اس کا حل پیش کرتا ہے ...... کیسی حیرت انگیز کتاب ہے! جوں جوں آپ اس پر غور کریں اس کے عاشق ہوتے چلے جاتے ہیں‘‘۔

(خطبات طاہر جلد 2 ص 585)

قرآن کریم کا طرز کلام

’’حسنات سے برائیاں دور ہوتی ہیں۔ قرآن کریم کا یہ طرز کلام دنیا کے عام تصور سے بالکل مختلف ہے یہ نتیجہ کہ حسنات برائیوں کو دور کرتی ہیں عام انسانی فہم نے جو نتیجے اخذ کئے ہیں یہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ کوتاہ نظر انسان عام طور پر غلطی سے یہ سمجھتے ہیں کہ بدیاں زیادہ طاقتور اور نیکیاں کمزور ہوتی ہیں۔ کہتے ہیں کہ بدی اس میں راہ پا گئی اور جوں جوں بدی داخل ہونا شروع ہوئی اس نے نیکی کو دھکیل کر باہر کرنا شروع کیا۔ قرآن کریم حیرت انگیز عقل و دانش کی ایک ایسی کتاب ہے کہ جو انسانی فطرت کی غلطیوں کی اصلاح کے ساتھ اس کے اخذ کئے ہوئے نتیجوں کی درستی کرتی ہے اور پھر اس کی صحیح راہنمائی بھی فرماتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حسنات طاقتور ہیں اور بدیاں کمزور ہیں۔ وہ قومیں جن میں تم بدیاں دیکھتے ہو دراصل ان میں پہلے خوبیاں اور حسنات غائب ہونا شروع ہوئیں چونکہ خلا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے حسنات کے نہ ہونے کے نتیجہ میں لازماً بدیاں اس کی جگہ پہنچ جاتی ہیں۔ انسانی فطرت میں خلا نہیں رہ سکتی۔ انسانی مزاج بغیر کسی چیز کے زندہ نہیں رہ سکتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب نیکیاں موجود رہتی ہیں وہ حفاظت کرتی ہیں اور بدیوں کو اندر داخل نہیں ہونے دیتیں۔ بدیاں تو ایک منفی پہلو ہے جیسے روشنی کے مقابلے پر اندھیرا ہے۔ اگر روشنی نہیں ہوگی تو اندھیرے نے تو آنا ہی ہے‘‘۔

(خطبات طاہر جلد 2 ص 404،403)

قرآنی نصب العین

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ...... ہر قوم کا ایک نصب العین ہوا کرتا ہے۔ ایک مقصود اور مطلوب ہوتا ہے جس کی وہ پیروی کرتا ہے ...... تمہارے لئے میں یہ نصب العین مقرر کرتا ہوں کہ ہر اچھی بات میں ایک دوسرے سے آگے نکل جاؤ، کتنا عظیم الشان اور کتنا وسیع پروگرام ہے اور کتنے اعلیٰ مقاصد ہیں اس پروگرام کے ہر حصے کے۔ یہاں یہ نہیں فرمایا گیا کہ صرف عبادتوں میں آگے نکل جاؤ یا صرف فلاں خوبی کو اختیار کرو، اور اس میں آگے نکلو بلکہ فرمایا کہ تمہارا نصب العین ہر خوبی میں آگے بڑھ جانا ہے۔ دیکھئے ایک نہایت مختصر بات میں دنیا کی ہر بھلائی کو رکھ دیا گیا اور پھر اس بھلائی کے اعلیٰ رخ کو بیان کیا گیا اور اس میں سے بھی جو چوٹی کا حصہ ہے وہ (فرمانبرداروں) کے لئے مقرر کیا گیا۔

پس اس نقطہ نگاہ سے جماعت احمدیہ کے سامنے قرآن کریم نے جو منصوبہ رکھا ہے وہ انسانی زندگی کی ہر دلچسپی پر حاوی ہے۔ وہ دین پر بھی حاوی ہے اور دنیا پر بھی حاوی ہے۔ وہ معاشیات پر بھی حاوی ہے اور اقتصادیات پر بھی حاوی ہے۔ وہ تمدن پر بھی حاوی ہے اور تہذیب پر بھی حاوی ہے۔ وہ حاوی ہے ہماری تجارت پر، وہ حاوی ہے ہماری سائنس پر وہ حاوی ہے ہماری صنعت اور حرفت پر اور وہ ہماری کھیلوں پر بھی حاوی ہے۔ غرضیکہ انسانی زندگی کی دلچسپیوں کا کوئی ایک پہلو بھی ایسا نہیں جو سوچا جا سکتا ہو اور یہ آیت ایک مومن کو اس میں آگے بڑھنے کی تعلیم نہ دے رہی ہو‘‘۔ (خطبات طاہر جلد 2 ص 218،217)

قرآن کریم کا انداز بیان

’’قرآن کریم ہر جگہ جذبات سے کام لیتا ہے، کہیں جذبات کو ابھارتا ہے کہیں ان کو مناسبت عطا کرتا ہے، ان کو توازن بخشتا ہے، جس طرح ایک سائنٹسٹ (Scientist) توانائی سے کام لے رہا ہوتا ہے اس سے بہت زیادہ عقل اور فراست کے ساتھ قرآن کریم انسانی توانائی کو توازن بخشتے ہوئے ان کو کارآمد چیزوں پر لگاتا ہے ...... قرآن کریم صرف اچھے خیالات یا اچھے کلمات پر بات کو نہیں چھوڑتا بلکہ اس سے زیادہ استفادہ کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ ایک ایسی عظیم الشان روحانی سائنس کا کلام ہے کہ کوئی اس کی نظیر دوسری جگہ آپ کو نظر نہیں آئے گی ...... (فرمایا) من کان یرید العزۃ ...... (فاطر: 11) جو کوئی بھی عزت کی تمنا رکھتا ہے وہ سنے کہ للّٰہ العزۃ جمیعاً ہر قسم کی تمام تر عزتیں اللہ ہی کے پاس ہیں اس لئے عزتوں کے لئے خدا کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ جب دنیا ذلیل کر رہی ہو تو اور زیادہ توجہ اس کی طرف مبذول ہونی چاہئے کہ عزتیں خدا کے ہاتھ میں ہیں وہ جسے چاہے عزت عطا فرماتا ہے اور جسے چاہے ذلیل کر دیتا ہے۔ لیکن خدا کے ہاں عزت پانے کا طریق کیا ہے؟ فرمایا الیہ یصعد الکلم الطیب تمہارے جو پاک کلمات ہیں نیک ارادے، نیک تمنائیں، حمد اور تسبیح، دعائیں اور عبادتیں یہ ساری چیزیں خدا کی طرف حرکت کرتی ہیں اور آسمان کی طرف بلندی کی طرف اٹھتی ہیں۔

چنانچہ اس منظر کو ہم دیکھ رہے ہیں یہی ہو رہا ہے۔ لیکن فرماتا ہے کہ تم یہ نہ سمجھ لینا کہ محض جذبات کے نتیجہ میں براہ راست دل سے اٹھنے والی دعائیں براہ راست اٹھنے والے خیالات جو کسی انسانی عمل میں سے گزر کر نہیں جاتے وہ اتنے بلند ہو سکتے ہیں کہ خدا تک پہنچ جائیں۔ اس جذبات کے پانی کو اپنے اعمال کی مشین میں سے گزارو پھر وہ طاقت پیدا ہوگی جس کے نتیجہ میں تمہاری باتیں آسمان تک پہنچا کریں گی۔ کیونکہ بلندی کی طرف چڑھنا بغیر توانائی کے ممکن نہیں ہے۔ کسی دنیا کی کتاب میں آپ ایسا کلام، اس کا ادنیٰ سا نمونہ بھی نہیں دیکھ سکتے جیسا کہ قرآن کریم میں ہمیں جگہ جگہ نظر آتا ہے۔ فرماتا ہے بہت اچھی بات ہے تم دعائیں کرتے ہو، تم تسبیح کرتے ہو، تم تحمید کرتے ہو اور اللہ کا ذکر کرنے لگ گئے، خدا کے حضور رونے لگ گئے، دعائیں کرنے لگ گئے لیکن فرمایا کہ یہ نہ گمان کر لینا کہ یہ سیدھی چیزیں آرام سے اوپر پہنچ جائیں گی اور خدا کے عرش کو ہلا دیں گی۔ فرمایا والعمل الصالح یرفعہ عمل صالح ضروری ہے ان کو بلندی عطا کرنے کے لئے وہ توانائی جو عمل صالح مہیا کرتا ہے۔ اس کی طاقت سے پاک کلام اوپر چڑھا کرتا ہے۔ ورنہ اس میں اوپر چڑھنے کی طاقت کوئی نہیں ہوگی۔ مشین تو ایک بن جائے گی لیکن توانائی کے بغیر حرکت میں نہیں آ گئے گی۔ کیسا عظیم کلام ہے۔ کتنا گہرا فلسفہ ...... بیان فرما دیا۔ (خطبات طاہر جلد 3 ص 687 تا 689)

تلاوت قرآن کریم کا گہرا اثر

خواہ کوئی دہریہ ہو یا غیر دہریہ، قرآن کریم کی تلاوت اس کے دل پر گہرا اثر کرتی ہے۔ قرآن کریم میں یہ طاقت ہے کہ تقشعر منہ جلود الذین یخشون ربھم (الزمر: 24) انسان کے اندر ایک قسم کا تزلزل پیدا کر دیتی ہے اور وہ خدا کی عظمت کے احساس سے کانپنے لگ جاتا ہے۔......

میں نے ایسے لوگوں سے بارہا گفتگو کی ہے ...... یورپ میں بھی کئی جگہ گفتگو کا موقعہ ملا۔ جو عیسائی کہلانے والے ہیں ان سے بھی اکثر عملاً دہریہ ہو چکے ہیں۔ ان کے اندر کوئی ایسی دلچسپی نہیں ہوتی تھی کہ ہم ایک دم عیسائیت اور (دین حق) کی باتیں شروع کر سکتے۔ اس لئے ایسی مجالس منعقد ہوتی تھیں جن میں ان کے ہر قسم کے سوالات کے جواب قرآن کریم کی رو سے دیئے جاتے تھے۔ نتیجۃً جب وہ دیکھتے تھے کہ ان کے دنیاوی سوالات کا حل قرآن کریم میں ہے تو پھر ان کے اندر دلچسپی پیدا ہوتی تھی‘‘۔

(خطبات طاہر جلد اول ص 316)

عالمگیر نبی کا عالمگیر پیغام

’’قرآن کریم ...... فرماتا ہے ...... محمد مصطفیٰ ﷺ نہ کسی قوم کے لئے ہیں نہ کسی ایک مذہب کے لئے ہیں بلکہ ساری کائنات کے لئے خدا نے ان کو بنا کر بھیجا ہے اور یا ایھا الذین اٰمنوا کہہ کر مخاطب نہیں فرمایا بلکہ فرمایا قل یا ایھا الناس ...... کہ اے محمدؐ! یہ اعلان کر دے اور ان کے دماغوں کی پیدا کردہ ہر قسم کی غلط فہمیاں دور کر دے ...... اے بنی نوع انسان! اے آدم کی اولاد! جو روئے زمین پر بستے ہو مجھے خدا نے تم سب کے لئے رسول بنا کر بھیجا ہے اور کیوں نہ ہو۔ میں اس خدا کی باتیں کرنے آیا ہوں ...... جو زمینوں کا بھی خدا ہے اور آسمانوں کا بھی خدا ہے وہ ساری کائنات کا مالک ہے ...... ایک ہی خدا ہے اس کے سوا اور کوئی نہیں۔ وہی ہے جو زندہ کرتا ہے وہی ہے جو مارتا ہے۔ پس اے زندگی کے خواہاں! میری طرف آؤ! اور اے موت سے ڈرنے والو! تم بھی میری طرف آؤ کیونکہ آج اس خدا کی ملوکیت میں تقسیم کر رہا ہوں۔ اس کی ملکیت میں تقسیم کر رہا ہوں۔ جو زندگی اور موت کا خدا ہے۔ یہ اعلان ہے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کا جو تمام بنی نوع انسان کو خیر میں شامل کر رہا ہے، کسی کو اپنے خیر کے ایک ذرے سے بھی باہر نہیں نکال رہا۔

(خطبات طاہر جلد 3 ص 422،421)

قرآن کریم کی بیان فرمودہ تاریخ

’’مقابلے ہمیشہ سے ہوتے آئے ہیں اور ہمیشہ

جاری رہیں گے۔ نہ مخالفین نے اپنی اصلاح کا طریق کبھی بدلا ہے نہ ان سے توقع کی جاسکتی ہے۔ نہ خدا کے نام پر آواز بلند کرنے والوں نے اپنا طریق کبھی ان کی وجہ سے بدلا ہے اور نہ ان سے توقع کی جاسکتی ہے۔ اس تاریخ اور اس مقابلہ کا خلاصہ قرآن کریم نے یہ بیان فرمایا ...... تمہارے لئے تمہارا دین ہے۔ تم جو سمجھتے ہو کرو لیکن میرے دین کو تم تبدیل نہیں کر سکتے۔ میرا دین ایک غیر مبدل دین ہے یعنی میرا چلنے کا طریق، وہ مسلک جس پر میں قائم ہوں یہ مسلک ازل سے اسی طرح چلا آرہا ہے۔ کبھی تبدیل نہیں ہو سکا۔ کسی تلوار نے اس مسلک کو تبدیل نہیں کیا اور تمہاری طرز حیات، تمہارا مسلک بھی ایک غیر مبدل مسلک ہے۔ جب سے اللہ تعالیٰ نے نبوت کا آغاز فرمایا اس دنیا میں نبوت کے مخالفین ہمیشہ یہی طریق اختیار کرتے آئے۔ پس قرآن کریم جس تاریخ کو بیان فرماتا ہے وہ ایک غیر مبدل تاریخ ہے اس میں کبھی کوئی تبدیلی آپ نہیں دیکھیں گے۔ ایک اللہ کی سنت ہے ایک اللہ کے مخالفین کی سنت ہے اور دونوں سنتیں اپنی اپنی جگہ پر قائم چلی آرہی ہیں۔ اس کے بعد انسان کا کام ہے یہ فیصلہ کرنا کہ دونوں میں سے صالح کون ہے مصلح کون ہے۔ کون صلاح پر قائم ہے اور کون حقیقتاً دوسرے کی اصلاح کر رہا ہے"۔ (خطبات طاہر جلد 3 ص 191)

قرآنی شرعی عدالت

"قرآن کریم میں دو طریق پر شرعی عدالتوں کو قائم فرمایا اور آزاد کر دیا کہ سارے بنی نوع انسان اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کو کہتے ہیں رحمۃ للعالمین یعنی آنحضرت ﷺ پر جو تعلیم نازل ہوئی ہے وہ ایسی عظیم رحمت ہے ساری کائنات کے لئے رحمت ہے کہ اگر انگریز بھی اس پر عمل کرے گا تو وہ بھی شریعت ...... کے مطابق فیصلہ کرنے کا مجاز ہو جائے گا۔ اگر یہودی اس پر عمل کرے گا تو وہ بھی مجاز ہو جائے گا۔ اگر ہندو اس پر عمل کرے گا تو وہ بھی مجاز ہو جائے گا۔ دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ عدل پر قائم رہو اگر عدل نہیں ہوگا تو پھر شریعت کے ساتھ ان فیصلوں کا کوئی تعلق نہیں۔ دوسرے ...... باتوں کو اپنے فقیہوں یا مولویوں کی طرف نہ لوٹایا کرو۔ اگر فیصلہ دیتے وقت تم قرآن اور سنت کی طرف لوٹاؤ گے اور وہیں تک محدود رہو گے تو پھر تمہارے فیصلے قرآن اور سنت کے فیصلے کہلا سکتے ہیں۔ ایک شرط کے ساتھ کہ وہ تقویٰ کے ساتھ کئے گئے ہوں"۔

(خطبات طاہر جلد 3 ص 479,478)

ہلال کا نشان

عام طور پر مریضوں کو لانے اور لے جانے والی ایمبولینس گاڑیوں پر سرخ رنگ کے ہلال کا نشان بنا ہوتا ہے لیکن جن گاڑیوں میں بیمار جانوروں کو ہسپتال لے جایا جاتا ہے ان پر بھی یہی نشان نیلے رنگ کا بنا ہوتا ہے۔ اس قسم کی گاڑیاں دنیا کے بڑے بڑے شہروں میں چلتی ہیں۔

از مکرم ڈاکٹر محمد اسحاق بقاپوری صاحب

احمدیت کی برکات

آگ ہماری غلام

یہ 1940ء کا واقعہ ہے جبکہ میں امرتسر میں میڈیکل کا طالب علم تھا۔ ہم چند احمدی طالب علم شریف پورہ امرتسر میں ایک مکان کرایہ پر لے کر رہائش پذیر تھے۔ بیت احمدیہ امرتسر شہر کے اندر تھی۔ جہاں ہم باقاعدگی سے نماز جمعہ ادا کرتے تھے۔ ایک دفعہ میں نماز جمعہ ادا کر کے اپنی سائیکل پر سوار گھر کی طرف آرہا تھا۔ رستہ میں گنجان بازار سے گزر ہوتا تھا۔ جہاں اچانک ایک بچہ میری سائیکل کے سامنے سے دوسری طرف دوڑا۔ اس کو بچانے کے لئے میں نے زبردست بریک لگائی، سائیکل تو رک گئی لیکن میرا توازن قائم نہ رہا اور میں بائیں طرف گر گیا۔ بائیں طرف ایک حلوائی کی دکان تھی جو ایک بڑے چولہے پر بڑا سا کڑاہ رکھے حلوہ پکا رہا تھا اور گرم حلوے کو الٹ پلٹ کر رہا تھا۔ میں نے سہارے کے لئے اپنا بایاں بازو پھیلا دیا۔ میرا کھلا ہوا بایاں ہاتھ اس گرم کڑاہ میں جا لگا۔ حلوائی گھبرا گیا اور لوگ اکٹھے ہو گئے۔ مجھے اٹھایا گیا کپڑے سے ہاتھ پونچھا گیا ہر کوئی پوچھ رہا ہے ہاتھ کو تکلیف تو نہیں ہاتھ جلا تو نہیں اور میں ہر ایک کو یہی تسلی آمیز جواب دے رہا ہوں کہ مجھے کوئی تکلیف نہیں جلن نہیں ہاتھ ٹھنڈا ہے۔ اتنے میں مجمع میں سے ایک شخص بولا "یہ لوگ کسی اور مٹی کے بنے ہوئے ہیں"۔ اور میں "آگ ہماری غلام بلکہ ہمارے غلاموں کی غلام ہے" کا ورد کرتا اور اپنے نہایت ہی مہربان اللہ کا شکر کرتا ہوا اپنے گھر کو سائیکل پر روانہ ہو گیا۔

احمدیت پر استقامت

1950ء کا واقعہ ہے میں بمبھر آزاد کشمیر سے بہاولپور ڈویژن ہیڈ کوارٹر میں تبدیل ہو گیا۔ میری کمپنی میں ایک نرسنگ سپاہی اللہ رکھا نام تھا جو عیسائی تھا۔ وہ اس وقت میرے پاس آیا اور کہا کہ وہ احمدی ہونا چاہتا ہے۔ میں نے حیران ہو کر اس اچانک تبدیلی کی وجہ پوچھی تو وہ کہنے لگا کہ یہاں نوکری کے دوران آپ کا رویہ دیکھ کر میری طبیعت دین حق کی طرف راغب اور آپ میں اور دوسرے لوگوں میں نمایاں فرق دیکھ کر اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ احمدی ہو جاؤں۔ میں نے کہا ابھی ایک ہفتہ یہاں ہوں اس دوران کوئی شک و شبہ ہو تو مجھ سے بات چیت کر کے رفع کر لو۔ وہ تین دن کے بعد پھر آدھمکا کہ میری تسلی ہے آپ مجھے احمدی کر لیں اور میری بیعت لے لیں۔ بہت اصرار پر میں نے اس کی بیعت لی اور لاہور سے بیعت فارم منگوا کر اس سے پُر کروا کے مرکز بھجوا دیا۔ بہت برسوں کے بعد اس کی میری ملاقات وارسک میں ہوئی جبکہ میں ایئر فورس میں تبدیل ہو چکا تھا۔ اس کے والدین بیوی بچوں نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی دلداری کی اور اس کو احمدیت پر استقامت بخشی۔

دعا کا معجزہ

77-1976ء کا واقعہ ہے میں ان دنوں بیت احمدیہ ماڈل ٹاؤن میں فجر کی نماز پڑھایا کرتا تھا۔ بیت میں جانے کے لئے مجھے گھر سے نکل کر شمالی جانب جا کر پہلے چوک سے دائیں طرف مڑنا پڑتا ہے۔ اس موڑ کے بعد پہلے مکان والوں نے کتا رکھ لیا۔ میں جو گھر سے بیت الذکر کے لئے نکلا تو اس کتے نے جو مکان کے گیٹ کے باہر بیٹھا تھا مجھے وہاں بیت کی طرف گزرنے نہ دیا اور میں واپس آکر متبادل راستہ سے بیت میں گیا۔ دوسرے اور تیسرے دن بھی یہی ہوا۔ چوتھے روز میں گھر سے دعا کرتا ہوا نکلا کہ اے اللہ میں تیرے ہی دین کی خدمت کے لئے جاتا ہوں اس کتے کا کچھ انتظام کر۔ اللہ میاں کا کرنا یہ ہوا کہ میں جب پہلے چوک سے بیت الذکر کے لئے دائیں گھوما تو میں نے محسوس کیا کہ ایک بہت بڑا کتا میرے پیچھے آرہا ہے اور گیٹ کے باہر بیٹھا کتا دم دبا کر مکان کے اندر گھس گیا۔ اگلا چوک آنے پر یہ کتا غائب ہو گیا۔ دوسرے اور تیسرے دن ایسے ہی ہوتا رہا۔ البتہ دوسرے دن دوسرا چوک آنے پر میں نے تیزی سے گھوم کر اس گرانڈیل بل ٹیریر کی جھلک دیکھ لی۔ تین دن کے بعد وہ بڑا کتا میرے پیچھے نہیں آیا اور گیٹ والا کتا مجھے دیکھ کر دم دبا کر مکان کے اندر گھس جاتا رہا۔

ایک غلطی کی سزا

ایک دفعہ ٹاؤن شپ لاہور سے ایک نوجوان بچہ میرے گھر 102/D ماڈل ٹاؤن لاہور میں مجھ سے اپنی والدہ کے لئے دوائی لینے آیا۔ اسی وقت میرے کچھ مہمان آگئے۔ میں نے اس بچے سے کہا کہ وہ دوپہر کے بعد کسی وقت آکر دوائی لے جائے۔ وہ بچہ شام تک بلکہ رات کو بھی نہ آیا۔ رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک دو منزلہ عمارت میں ہوں اور پہلی منزل کی چھت پر برآمدے میں بالکنی کے ساتھ کھڑا نیچے فرش کو دیکھ رہا ہوں۔ دو فرشتے آئے مجھے پکڑا اور بالکنی سے باہر لٹکا دیا۔ ایک نے میری ایک ٹانگ پکڑی اور دوسرے نے دوسری ٹانگ اور مجھے الٹا نیچے کرنا شروع کیا۔ جب میرا سر زمین سے دو گز کے قریب رہ گیا تو انہوں نے مجھے چھوڑ دیا اور میں ٹھک سے فرش پر گرا۔ میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے سر کی ٹنٹی میں درد محسوس کیا تو وہاں سوجن تھی جس کو میں کچھ دن سہلاتا رہا۔ صبح اٹھ کر میں نے اس بچے کی والدہ کے لئے دوائی تیار کی اور اس کے گھر جا کر دے آیا اور میں اس بات پر بھی خوش اور اللہ میاں کا شکر ادا کرتا رہا کہ اس نے مجھے میری غلطی کی یہیں سزا دے دی۔

اللہ نے خواہش پوری فرمادی

میرے چھوٹے بیٹے محمد سلیمان بقاپوری کا رشتہ گوجرانوالہ کے احمدی دوست منظور الٰہی صاحب کی بیٹی شازیہ سے طے ہوا اور میں نکاح فارم کی خانہ پری کے سلسلہ میں گوجرانوالہ گیا۔ فارم پر امیر صاحب جماعت گوجرانوالہ کے دستخط ہونا تھے اور منظور الٰہی صاحب اکیلے وہاں جانے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے تھے۔ میں نے کہا میں ساتھ چلتا ہوں وہاں پہنچ کر مجھے اشارہ سے بتا دیں کہ وہ امیر صاحب ہیں۔ ان دنوں گوجرانوالہ کے امیر جماعت چوہدری ظفر اللہ خانصاحب جو ایڈووکیٹ تھے۔ ہم ان کے گھر گئے۔ نماز مغرب ان کے گھر میں ادا ہوتی تھی اور اس کے بعد احباب جماعت امیر صاحب کے ہمراہ فرش پر بیٹھتے تھے۔ مجھے اشارہ سے بتادیا گیا کہ وہ امیر صاحب ہیں۔ چونکہ وہ فرش پر بیٹھے تھے میں بھی ان کے سامنے دوزانو بیٹھ گیا اور اپنا تعارف کرایا۔ میرا اپنا نام لینا تھا کہ چوہدری صاحب ہڑبڑا کر اٹھے اور چونکہ وہ فالج کے مریض تھے فوراً گر گئے۔ میں نے عرض کی کہ میرا نام سن کر آپ ہڑبڑا کر کیوں اٹھے۔ فرمانے لگے کہ تو بعد میں بتاؤں گا پہلے آپ فرمائیں کہ کیسے آنا ہوا۔ میں نے رشتہ کی بات کی تو فرمانے لگے کہ تفصیلات کی ضرورت نہیں بس یہ بتا دیں کہ میں نے کہاں دستخط کرنے ہیں۔ دستخط کے بعد فرمانے لگے کہ میں فالج کا بیمار ہوں کہیں آجا نہیں سکتا۔ میری بہت خواہش تھی کہ آپ سے ملاقات ہو اور میں روزانہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا تھا کہ تو میری حالت کو جانتا ہے میں کہیں آجا نہیں سکتا تو ہی وسیلہ فرمادے اور میری ملاقات ڈاکٹر بقاپوری صاحب کے ساتھ کروا دے سو آج اللہ تعالیٰ نے میری خواہش پوری فرمادی۔

حضرت سراقہؓ بن مالک بن جعشم

جب رسول اکرمؐ مکے سے مدینے جا رہے تھے تو انعام کے لالچ میں سراقہ نے بھی رسول اللہؐ کا تعاقب کیا تھا فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمان ہو گئے تھے۔ ہجرت کے موقعہ پر رسول اللہؐ نے فرمایا تھا "سراقہ! ایک دن تمہاری کلائیوں پر کسریٰ کے کنگن ہوں گے"۔ حضرت عمرؓ کے عہد میں ایران فتح ہوا اور مال غنیمت میں کنگن آئے تو حضرت عمرؓ نے حضرت سراقہ کو وہ کنگن پہنائے۔ 24ھ میں حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت میں وفات پائی۔

رپورٹ: قمر احمد عطاء صاحب

جماعت احمدیہ جرمنی کی پہلی چیریٹی واک

جماعت احمدیہ جرمنی کی پہلی چیریٹی واک جو کہ صوبہ باڈن ورٹمبرگ کے شہر وائل ڈیرشٹڈ (Weil der Stadt) میں مورخہ 8 جولائی 2007ء کو منعقد ہوئی اور بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوئی۔ اس واک کا انتظام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس انصاراللہ جرمنی کے سپرد فرمایا تھا۔ چنانچہ ایک انتظامی کمیٹی جس کے صدر صدر مجلس انصاراللہ جرمنی تھے اور سرپرست اعلیٰ مکرم امیر صاحب جرمنی تھے، نے تمام انتظامات سرانجام دیئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مقامی شہر کے میئر اور شہر کی انتظامیہ نے بہت تعاون کیا اور واک کے جملہ انتظامات کے لئے ہر ممکن راہنمائی اور مدد کی۔ کل 184 افراد نے ساٹھ کلومیٹر کی دوڑ میں جبکہ 55 افراد نے واک میں حصہ لیا۔ 17 ناصرات و اطفال نے بھی کنڈر واک میں شرکت کی۔ مجموعی حاضری 300 سے زائد تھی جن میں رضا کار بھی شامل تھے۔ متعدد مہمان اور شائقین بھی تقریب میں موجود تھے جنہوں نے واک کے اختتام پر تقسیم انعامات کی تقریب کے بعد کھانے میں شمولیت کی۔

شہر کے مرکزی حصہ کے بالکل نزدیک واقع Festplatz میلہ میدان میں خیمے لگا کر رجسٹریشن، استقبال اور دیگر سٹالز کی جگہ ایک دن قبل تیار کر لی گئی تھی۔ لوکل ریجن کے خدام، اطفال اور انصار پر مشتمل ورکرز نے مقامی جماعت کے صدر سلیم صابر صاحب اور زونل قائد خدام الاحمدیہ انور خان صاحب کی نگرانی میں وقار عمل کے ساتھ ابتدائی انتظامات مکمل کئے۔ ریجنل امیر افتخار احمد صاحب بھی وقار عمل میں شریک رہے۔ شہر کے میئر وقار عمل کے کام کو دیکھنے تشریف لائے۔ انہوں نے دوڑ میں شرکت کرنے اور تقریب کو رونق بخشنے کی ہماری درخواست کو قبول کیا اور اگلے روز احمدیہ چیریٹی واک کے افتتاح کے لئے صبح گیارہ بجے Festplatz تشریف لائے۔

دوڑ کے انعقاد سے ایک روز قبل تمام جملہ انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ مورخہ 8 جولائی صبح 8 بجے ڈیوٹی پر پہنچنے والے رضا کاروں کو ہدایات دی گئیں۔ اس دوران گیارہ بجے سے قبل چیرٹی واک میں شرکت کرنے کے لئے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا جنہیں باقاعدہ طور پر استقبال کر کے رجسٹریشن کروانے کی درخواست کی گئی۔ متعدد قائدین مجلس انصاراللہ، ممبران مجلس عاملہ مرکزیہ جرمنی کے علاوہ ممبران مجلس عاملہ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی بھی تشریف لے آئے۔ اس سے قبل چیریٹیز کے نمائندگان Kinder Krebshilfe کے Herr Hermann، Kinder-und Jugendstiftung Weil der Stadt کی چیئرپرسن Frau Straub، Hospizdienst Weil der Stadt کی صدر Frau Dietz اور Humanity First جرمنی کے ڈاکٹر اطہر زبیر بھی تشریف لائے اور انہیں چیریٹیز کے خیمے میں لے جایا گیا جہاں انہوں نے اپنے بینرز لگائے اور اپنا معلوماتی لٹریچر کتابچے وغیرہ رکھوائے تاکہ عام لوگ معلومات حاصل کر سکیں۔

مقامی جماعت کی لجنہ اور انصار نے دو سٹالز پر کھانے پینے اور چائے کے انتظامات کرنے تھے۔ چنانچہ ان کے صبح Festplatz پہنچنے پر یہ تیاری مکمل ہوگئی اور واک کے افتتاح سے قبل مختصر سا بازار بھی تیار تھا۔ روٹ پر پانی پلانے والے رضا کاروں نے میزوں کو مقرر جگہوں پر لے جا کر کھڑا کیا اور اسی طرح سے ان پر پانی، گلاس پہنچائے گئے۔ ٹریفک کی ڈیوٹی پر متعین خدام وانصار نے خصوصی ٹریفک جیکٹ پہن کر ہر ڈیوٹی والے فرد کو روٹ کے مناسب فاصلوں پر کھڑا کیا۔ الحمدللہ کہ جملہ امور ہمارے افتتاحی پروگرام سے قبل مکمل طور پر طے پا چکے تھے۔ نیشنل امیر صاحب بھی گیارہ بجے سے قبل ہی تشریف لا چکے تھے چنانچہ مہمانوں سے ملنے اور اپنی رجسٹریشن سے فارغ ہو کر انہوں نے انتظامیہ کمیٹی کے انچارج (خاکسار قمر احمد عطاء) کے ساتھ انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک مختصر سی میٹنگ کی۔ انہیں افتتاحی تقریب، روٹنگ، طعام، انعامات، رجسٹریشن، سٹالز وغیرہ سے متعلق جملہ معلومات مہیا کی گئیں۔ حاضری سے متعلق بھی انہیں بتایا گیا کہ 300 کے لگ بھگ شرکاء کی توقع ہے۔ افتتاحی تقریب میں Weil der Stadt شہر کے بُرگر مائسٹر میئر Herr H. Joset Straub مہمان خصوصی تھے۔ تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ کے بعد محترم نیشنل امیر صاحب نے اس دوڑ چیریٹی واک کے اغراض و مقاصد بیان کئے اور جماعت احمدیہ کا تعارف حاضرین کو کروایا نیز فرمایا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ اس نیک مقصد کے کام کو یہاں اگلے برس بھی کریں گے۔ ازاں بعد فلاحی اداروں کے سربراہان ونمائندگان (چیریٹیز) جنہیں چیریٹی واک کی آمد تقسیم کی جانی تھی کو بھی سٹیج پر آکر اپنی تنظیم کا تعارف کروانے کی درخواست کی گئی۔ چنانچہ چاروں فلاحی اداروں نے جن میں ہیومینیٹی فرسٹ بھی شامل کی تھی کے نمائندوں نے مختصر خطاب میں اس چیریٹی واک کا خیر مقدم کیا۔

آخر پر شہر کے میئر نے عمدہ الفاظ میں جماعت احمدیہ کا تذکرہ کرتے ہوئے مقامی جماعت کے شہر کے ساتھ تعاون کو سراہا اور بتایا کہ یہ پُرامن لوگ انسانیت کے لئے عملی طور پر خدمات کو اپنے کردار سے ثابت کر رہے ہیں۔ ہم ایسے لوگوں کی خدمت کو اچھی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور آج کی چیریٹی واک بھی ایک اچھے اور نیک مقصد کے لئے کی جارہی ہے جسے بہت سراہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی اور اپنے شہر کی جانب سے اس چیریٹی واک کا دلی خیر مقدم کیا اور بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ حاضرین جن کی تعداد اس وقت دوصد سے زیادہ تھی نے انہیں اس پُرجوش تقریر پر بھی بھرپور داد دی۔

سیکرٹری انتظامیہ کمیٹی نے دوڑ کے آغاز کے لئے تمام شرکاء کو سٹارٹ لائن پر اکٹھا ہونے کی درخواست کی اور میئر Herr Straub نے گرین سگنل دے کر دوڑ کا آغاز کروایا۔ جب 184 افراد بیک وقت سٹارٹ لائن کے گیٹ سے نکل کر روٹ پر رواں دواں ہوئے تو اس شہر کے لوگوں نے ایک نہایت خوبصورت منظر دیکھا۔ رنگارنگ آویزاں بینرز کے سایہ تلے بہت سے اخباری نمائندوں، فوٹو گرافروں و دیگر لوگوں نے اس خوبصورت موقعہ کی تصاویر بنا کر ان مناظر کو محفوظ کر لیا۔ سٹارٹ یعنی آغاز اور اختتام لائن پر دو خدام سٹاپ واچ لے کر تیار کھڑے تھے تاکہ ہر واپس پہنچنے والے ایتھلیٹ کا وقت نوٹ کریں اور اپنی فہرست رجسٹریشن کے شعبہ کو پہنچا دیں۔ رجسٹریشن کے دفتر میں سات افراد کی ڈیوٹی تھی اور قواعد کی رو سے عمروں کے مختلف گروپس بنائے گئے تھے جنہیں الگ الگ انعامات بھی دیئے جانے تھے۔ وقفے وقفے سے دوڑ کے شرکاء واپس پہنچتے رہے۔ سٹیج کے نزدیک ہی اختتامی لائن سے کچھ فاصلہ پر شرکت کرنے والوں کے لئے ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں جملہ شائقین کے لئے فوڈ سٹالز پر قیمتاً سموسے، پکوڑے، چائے وغیرہ موجود تھے جن سے مہمانان اور شائقین نے بھرپور استفادہ کیا۔

بڑی واک کے آغاز کے 20 منٹ کے بعد پروگرام کے مطابق کنڈر واک کروائی گئی جس کا فاصلہ ڈیڑھ کلومیٹر تھا۔ اس کنڈر واک میں سترہ بچے شامل ہوئے جبکہ دوڑ سے ہٹ کر بالغوں کے لئے جو واک کروائی گئی اس میں 60 افراد نے شمولیت کی۔ دوڑوں میں شامل تمام افراد کے اختتامی لائن پر واپس پہنچ جانے کے بعد محترم نیشنل امیر صاحب کی ہدایت پر تقسیم انعامات کی کارروائی شروع ہوئی۔ تلاوت قرآن پاک وترجمہ کے بعد محترم امیر صاحب نے تمام شرکاء کا دلی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس پروگرام میں شرکت کی ہے جو ایک نیک مقصد کے لئے کی گئی ہے۔ تمام رقم جو اس چیریٹی واک کے ذریعے سے اکٹھی ہوگی۔ چار رفاہی تنظیموں میں برابر تقسیم کر دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چیریٹی کے یہ چیک انشاءاللہ جلسہ سالانہ 2007ء جرمنی کے موقعہ پر دیئے جائیں گے۔ سیکرٹری چیریٹی واک کمیٹی نے انعامات حاصل کرنے والے افراد کے ناموں کا اعلان کیا اور باری باری سب انعام حاصل کرنے والے سٹیج پر آکر میئر Mr. Straub سے خصوصی میڈل اور سرٹیفکیٹ حاصل کرتے رہے۔ بچوں اور بچیوں میں انعامات بھی انہوں نے ہی تقسیم کئے۔ آخر پر اپنی تقریر میں شہر کے میئر نے ایک بار پھر اس چیریٹی واک کے ان کے شہر میں انعقاد پر جماعت احمدیہ کا شکریہ ادا کیا اور اس کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے انتظامات کی تعریف کی اور تمام شرکاء کا بھی شمولیت پر شکریہ ادا کیا۔

آخر پر نیشنل امیر صاحب نے میئر اور چند دیگر مہمانوں کو خصوصی یادگاری شیلڈز پیش کیں جو کہ چیریٹی واک کی انتظامی کمیٹی اور مجلس انصاراللہ جرمنی کی جانب سے بنوائی گئی تھیں۔ بعد ازاں سیکرٹری چیریٹی واک کمیٹی نے اپنی جانب سے تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی شرکت کے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے اور اس تقریب کے اختتام کا اعلان کیا۔ ازاں بعد حاضرین کو کھانا کھلایا گیا۔ کھانے کے بعد ظہر وعصر کی نمازیں ادا کی گئیں اور وائنڈ اپ کا کام شروع ہوا جو شام چھ بجے اختتام کو پہنچا۔ الحمدللہ کہ اس طرح سے ہماری یہ پہلی احمدیہ چیریٹی واک جس کے انتظامات کی مجلس انصاراللہ جرمنی کو توفیق حاصل ہوئی کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ مقامی شہر اور ریجن کے اخباروں نے اس چیریٹی واک کی نہایت عمدہ کوریج کی۔

اس چیریٹی واک کے انعقاد سے قبل اس کی کامیابی کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعا کی درخواست کے لئے تحریر کیا جاتا رہا۔ حضور کی دعاؤں کی برکتوں سے تمام مشکلات حل ہوتی رہیں۔ جولائی کے آغاز میں مسلسل بارشوں اور درجہ حرارت گرنے کے باعث ہماری پریشانی میں مسلسل اضافہ ہوگیا۔ چنانچہ پھر سے پیارے آقا کی خدمت اقدس میں دعا کے لئے تحریر کیا گیا اور یہ خط بذریعہ فیکس حضور کی خدمت میں چیریٹی واک کے انعقاد سے محض چند روز قبل بھجوایا گیا۔ دو روز کے بعد (یعنی واک کے منعقد ہونے سے صرف دو دن پہلے) حضور اقدس کا جواب بذریعہ فیکس موصول ہوا جس میں چیریٹی واک کی کامیابی اور پریشانیوں و مشکلات کے دور ہونے کے لئے پیارے آقا کی بابرکت دعاؤں کا پیغام تھا۔ بارش تھی کہ تھمنے میں نہ آرہی تھی مگر اسی روز شام کو بارش رک گئی، بادل چھٹنے شروع ہوگئے۔ اگلے روز دوپہر کو کڑی دھوپ نکلی ہوئی تھی۔ چنانچہ یہ ہفتہ کا روز تھا اور تمام کاروبار زندگی معمول پر آگیا۔ اتوار کا دن چیریٹی واک کے انعقاد کا دن تھا۔ بادلوں کا نام ونشان نہ تھا اور درجہ حرارت 27 تک چلا گیا۔ دوڑ میں شریک لوگ پسینہ میں شرابور تھے مگر اچھے موسم سے ہر ایک چہرہ پر رونق تھی اور وہ ہشاش بشاش وخوش وخرم دکھائی دیتے تھے۔ الحمدللہ کہ یہ حضور اقدس کی دعاؤں کی برکتوں سے ہوا۔ حیرت اس بات پر ہے کہ ادھر شام چھ بجے ہمارا وائنڈ اپ ختم ہوا ادھر تیز موسلا دھار بارش نے پھر موسم کو اپنی گرفت میں لے لیا اور یہ سلسلہ پھر کئی ہفتوں سے جاری وساری ہے۔ خدا تعالیٰ نے کس طرح سے فضل کیا، اس معجزہ پر اسی کے شکر گزار ہیں، اسے یاد کر کے اب بھی ہم سب کا دل خدا کی حمد سے بھر جاتا ہے۔

ماخوذ

پانچ ہزار سال پرانی روایت

چائے آغاز، ترقی، اقسام اور مثبت اثرات

برصغیر پاک و ہند میں چائے کی کاشت 1823ء میں شروع ہوئی

چائے (Tea) ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ ہے۔ جب ہم ہلکے رنگ کا مرکب اپنے کپ میں انڈیلتے ہیں اور اس خوشبودار مشروب کو منہ کے ساتھ لگاتے ہیں تو یہ تصور کرنا مشکل ہوتا ہے کہ ہم 5 ہزار سال پرانی روایت کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلاشبہ تاریخی اعتبار سے چائے ایک پرانا مشروب ہے۔ لفظ چائے (چاء) سے نکلا ہے اور یہ چینی زبان کا لفظ ہے۔ تاریخ دانوں کے مطابق چائے کا استعمال سب سے پہلے 2737 قبل مسیح میں شہنشاہ شے نانگ (Shennong) کے عہد میں چین سے شروع ہوا۔ لیکن چینی لٹریچر میں چائے کا ذکر 350ء میں شامل کیا گیا۔

چائے کا آغاز

یہ افسانوی مشروب 5 ہزار سال پہلے ایک غلطی کے نتیجے میں سامنے آیا۔ چین کا ایک شہنشاہ شینا نگ ہمیشہ پانی ابال کر پیتا تھا۔ ایک دفعہ وہ شکار کے لئے جنگل میں گیا۔

وہاں اس کا خادم پانی ابال رہا تھا۔ قریب ہی سوکھی ٹہنیوں کی آگ جل رہی تھی کہ سوکھی ٹہنی کے چند خشک پتے پانی کی کیتلی میں گر گئے۔ پتوں کی وجہ سے پانی کا رنگ قدرے رنگین ہو گیا۔ جلدی میں پانی شہنشاہ نے پی لیا۔ شہنشاہ کو پانی کا ذائقہ پسند آیا۔ چنانچہ شہنشاہ شینا نگ نے ان جھاڑیوں کے بیج جمع کرنے کا حکم دے دیا۔ یہ دنیا میں چائے کا پہلا گھونٹ تھا جو شہنشاہ شینا نگ نے پیا۔ جلد ہی چائے چین کی ثقافت بن گئی۔

چھٹی صدی عیسوی میں چائے کا پھیلاؤ جاپان کی طرف ہوا۔ 800ء تک ایک بدھ راہب چائے کے استعمال پر تفصیلی تاریخ لکھ چکا تھا اور چونکہ بدھوں کا خیال تھا کہ چائے روحانی ارتکاز میں مدد دیتی ہے۔ اس لئے یہ مشروب ان کی مذہبی رسومات کا حصہ بن چکا تھا۔ بدھ مشنری لوگ جب جاپان گئے تو اپنے ساتھ چائے بھی لے گئے۔ چائے کی دیومالائی داستان میں وہ وقت بھی آیا جب کچھ بھارتی اور جاپانی بدھوں نے چائے کا استعمال مہاتما بدھ کی کہانی بیان کرنے کے لئے کیا۔

ان کے مطابق مہاتما بدھ پانچ سال بعد جب مراقبے سے جاگے تو انہوں نے چائے کے جنگلی درخت کے پتے کھائے۔

چائے کی ثقافت

جاپان میں تعارف کے بعد جلد ہی وہاں پر چائے کی ثقافت اور چائے کی رسم ''چاؤ تو یو'' نے جنم لیا۔ جس کے لفظی معنی چائے کے لئے گرم پانی ہے۔ چائے کی اس رسم میں چائے انڈیلنا اور ''گیشا'' کے مہمان کو چائے پیش کرنا نفاست اور خوش اسلوبی کا انداز سمجھا جانے لگا۔ آئرش نژاد یونانی صحافی اور تاریخ دان لفسادیون برن نے جسے اس زمانے میں جاپانی شہریت مل چکی تھی چائے کی اس رسم کو دیکھا اور لکھا۔

جیسے جیسے جاپانی امراء کے درمیان چائے کے مقابلے عام ہونے لگے تو چائے کے استعمال سے اصل بدھ مت کا عنصر ختم ہونے لگا۔ ان مقابلوں میں جو چائے کی صحیح آمیزش کا مقابلہ جیت جاتا تو انعام میں اسے جواہرات اور زرہ بکتر دیا جاتا۔

13 ویں صدی عیسوی میں بدھ راہبوں نے چائے کو اس کی اصلی ترکیب استعمال کی طرف لانے کی ناکام کوشش کی۔ 1560ء میں جب پرتگالی مشنریوں نے چین کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کئے تو یورپ میں چائے درآمد کی جانے لگی۔ کچھ تاریخ دان اس کی مخالفت کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ اس سے ایک سال پہلے عرب تاجر چائے اٹلی کے شہر وینس میں لا چکے تھے۔

چائے کا پہلا جہاز

یورپ کو چائے کا پہلا جہاز 1610ء میں ولندیزی تاجروں نے بھیجا جو یہ چین اور جاپان سے امپورٹ کرتے تھے۔ 1650ء میں ان تاجروں نے اس کی درآمد کا سلسلہ امریکن کالونیوں سے شروع کیا۔ شروع شروع میں چونکہ چائے بہت مہنگی تھی اس لئے یہ صرف امراء کا مشروب بن کر رہ گئی۔

چائے کا مثبت اثر

پہلے ولندیزی لوگوں میں عام ہوئی۔ ہر کوئی اس انجانے مشروب کو پینے کے لئے تیار نہیں تھا۔ ڈاکٹروں اور حکیموں کا کہنا تھا کہ یہ کالا اور کڑوا مرکب لوگوں کے لئے کیسے اچھا ثابت ہو سکتا ہے۔ تقریباً ایک سو سال کی بحث کے بعد 1610ء میں عام لوگوں تک چائے کی رسائی ہوئی۔ ڈاکٹروں کی مخالفت کے باوجود یورپی لوگوں کی صحت پر چائے کا مثبت اثر ہوا۔ پینے کا پانی چونکہ صاف نہیں تھا، اس لئے چائے کو محفوظ سمجھا جاتا تھا۔

برطانیہ کا قومی مشروب

برطانیہ میں چائے کی تجارت 1652ء میں ہوئی 1657ء میں چائے پہلی دفعہ انگلینڈ کے کافی خانوں کو فروخت کی گئی۔ جلد ہی یہ برطانیہ کا قومی مشروب بن گیا۔ 1700ء تک برطانیہ دولاکھ 40 ہزار پاؤنڈ چائے برآمد کر رہا تھا۔ چائے کی وجہ سے انگریزوں کی روزمرہ زندگی میں ایک خوشگوار تبدیلی آئی اور سہ پہر کی چائے کا رواج عام ہوا۔ برطانوی تجارتی کمپنیاں چائے کی برآمد کے لئے سارے یورپ میں مشہور ہوئیں۔

برصغیر میں آمد

ان میں لپٹن اور بروک بانڈ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے بھی چائے کی برآمد میں اہم کردار ادا کیا۔ برصغیر پاک و ہند میں چائے کی کاشت 1823ء میں شروع ہوئی۔

ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان میں سیاسی عدم استحکام کا بہانہ بناتے ہوئے یہ پروپیگنڈا شروع کیا کہ اس کی وجہ سے تجارت کو نقصان ہو رہا ہے۔ آہستہ آہستہ انہوں نے بھارت کو پوست اگانے پر مجبور کیا۔ جس کے بدلے وہ چین سے چائے خریدتے تھے۔ اس طرح انگریز اصل سرمایہ اپنی سلطنت تک ہی محدود رکھتے۔

پوست کے بدلے چائے کی اس تجارت کی وجہ سے 18 ویں صدی عیسوی میں جنگ افیون ہوئی جس کے بعد انگریز بکمل طور پر چائے کی تجارت پر قابض ہو گئے۔ 19 ویں صدی میں یورپ اور امریکہ کی معاشرتی تحریکوں میں چائے نے اہم کردار ادا کرنا شروع کر دیا۔

چائے خانوں کا رواج

انگلینڈ میں ایک عورت نے جو روٹی کی دکان پر کام کرتی تھی اپنے مالک کو مجبور کیا کہ وہ اسے اپنے خاص گاہکوں کو چائے پیش کرنے کی اجازت دے۔

1864ء میں اس عورت نے یہ اجازت بھی لے لی کہ دکان میں کچھ میز کرسیاں رکھ سکے تاکہ لوگ ادھر بھی بیٹھ کر چائے پی سکیں۔

برطانیہ میں اس طرح کے چائے خانے خواتین کے لئے ایک نئی طرز کے معاشرتی میل جول کا ذریعہ بنے اور خواتین کی آزادی کا سبب بنے۔

آئس ٹی کی ایجاد

اسی طرح ان لوگوں کے لئے جو شراب نہیں پیتے تھے چائے ایک متبادل مشروب کی صورت میں سامنے آئی۔ 1904ء میں امریکیوں نے آئس ٹی ایجاد کر کے چائے کو مزید ترقی دی اور پھر 1908ء میں پہلی بار ''ٹی بیگ'' بنا کر اس کے استعمال میں اضافہ کیا۔

چائے کا پودا گرم مرطوب علاقوں کی پیداوار ہے۔ مون سون ہواؤں کا خطہ جہاں گرمیوں کے علاوہ سردیوں میں بھی کسی قدر بارش ہو جاتی ہے اس کے لئے نہایت موزوں ہے۔ اوسط درجے کی گرمی اور کثرت باراں اس کے پتوں کے لئے بہت مفید ہے۔ 54 سے زیادہ اور 80 سے کم درجہ حرارت اور 100 انچ سالانہ بارش اوسطاً اس کے لئے مفید ہے۔ زیادہ پانی چائے کے پودوں کی جڑوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے پہاڑی ڈھلوانوں پر اس کی کاشت زیادہ ہوتی ہے۔

میدانی علاقوں میں کاشت

میدانی علاقوں میں بھی اس کی کاشت اچھی ہوتی ہے۔ جہاں زمین کی ڈھال مناسب ہو اور پانی آسانی سے بہہ سکے۔ نیز زمین ہلکی اور بھربھری ہو اس کی کاشت کی جا سکتی ہے۔ اب دنیا کے 46 ملکوں میں اس کی کاشت ہو رہی ہے۔ سب سے زیادہ کاشت بھارت میں ہوتی ہے۔ چین دوسرے اور سری لنکا (سیلون) تیسرے نمبر پر آتا ہے۔ اس کے علاوہ جاپان، کینیا بھی اس کی پیداوار کے لئے مشہور ہیں۔

چائے کی اقسام

آجکل چائے مختلف اقسام میں ملتی ہے۔ روایتی طور پر امریکی اور یورپی لوگ کالی چائے پسند کرتے آئے ہیں لیکن اب سبز چائے کے فوائد کی بناء پر اس کی طرف راغب ہیں۔ وسطی ایشیاء میں واقع مشہور اسلامی ملک ازبکستان کی ایک معروف وادی فرغانہ کے ایک پرانے شہر خوقند میں ایک روایت بڑی مشہور تھی۔ روایت کے مطابق ہر خاص و عام دعوت میں استعمال ہونے والے برتنوں اور بڑی تھالیوں میں چائے دانی کی تصویر بنائی جاتی تھی تاکہ خاتون خانہ یہ بات نہ بھولیں کہ اس دعوت کے کھانے کے بعد مہمانوں کی چائے سے تواضع کرنی ہے۔

(نوائے وقت میگزین 28 جنوری 2007ء)

حضرت مسیح موعود کا جُبّہ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:-

مجھے اپنے متعلق یاد ہے کہ میری عمر گیارہ سال کی تھی اس وقت نماز کبھی کبھی نہ پڑھتا تھا اور شرعاً مجھ پر فرض نہ تھی مگر مجھے یاد ہے ایک دفعہ میں نے حضرت صاحب کا جبہ تبرک کے طور پر پہن کر دعا کی کہ اب میں کبھی نماز نہ چھوڑوں گا مجھے یہ توفیق حاصل ہو۔ چنانچہ پھر کبھی نہ چھوڑی مگر یہ خاص حالات کی وجہ سے تھا۔ ہر وقت دین کی باتیں کان میں پڑتی رہتی تھیں گھر اور باہر دین کا ہی چرچا تھا مگر عام طور پر بیس، اکیس سال میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے۔

(خطبات محمود جلد 11 صفحہ 328)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 73627 میں محمد رمضان

ولد بشیر احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت ر پنشنر عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-9-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 5 مرلہ رہائشی مکان مالیتی اندازاً -/700000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3500+2240 روپے ماہوار بصورت ملازمت + پنشن مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد رمضان۔ گواہ شد نمبر 1 مبارک احمد شاہد وصیت نمبر 32683۔ گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد چوہدری ولد چوہدری محمد دین (مرحوم)

مسل نمبر 74160 میں سعدیہ نصیر

زوجہ نصیر احمد قوم جٹ وڑائچ پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک کالا ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 5-4-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 15 تولے مالیتی -/223500 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/200000 روپے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت خورد ونوش مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ سعدیہ نصیر۔ گواہ شد نمبر 1 محمد امین چیمہ مربی سلسلہ ولد محمد طفیل چیمہ (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 نصیر احمد ولد خادم حسین

مسل نمبر 74161 میں سمیرا اصغر

زوجہ اصغر رشید قوم ملک پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-9-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 25 گرام مالیتی اندازاً -/35000 روپے (2) حق مہر -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ سمیرا اصغر۔ گواہ شد نمبر 1 حافظ احمد خاں جوئیہ ولد لطف خان جوئیہ۔ گواہ شد نمبر 2 حفیظ احمد ولد محمد لطیف

مسل نمبر 74162 میں عطیۃ القدوس

